خلاصۂ درس: ۱۲

- اسم معرب کا دوسرا نام **متمکن** اور اسم منصرف کا دوسرا نام **امکن** ہے۔

☜ اسم معرب کی دو قسمیں ہیں:

أ. منصرف: وہ اسم ہے جس میں نو اسباب میں سے دو سبب یا ایک ایسا جو دو کا قائم مقام ہو موجود نہ ہو۔ جیسے زید۔ اس کو **امکن** بھی کہتے ہیں۔

- اس کا **حکم** یہ ہے کہ اعراب کی تینوں حرکتوں کو مع تنوین قبول کرتا ہے مثال: جائني زيدٌ، رأيتُ زيداً، مررت بِزَيْدٍ

ب. غیر منصرف: وہ اسم ہے جس میں نو اسباب میں سے دو سبب یا ایک ایسا جو دو کا قائم مقام ہو موجود ہو۔

- اس کا **حکم** یہ ہے کہ تنوین اور کسرہ اس پر نہیں آتا ہے بلکہ جر کی حالت میں فتحہ رکھتا ہے۔

☜ **اسباب منع صرف [یعنی غیر منصرف ہونے کے اسباب]**

اسم کے غیر منصرف ہونے کے نو سبب یہ ہیں: (۱) عدل، (۲) وصف، (۳) تانیث، (۴) معرفہ ہونا، (۵) عجمی ہونا، (۶) جمع ہونا، (۷) مرکب ہونا، (۸) الف و نون زائدتان اور (۹) وزن فعل۔

عدل

تعریف: لفظ کا اپنے اصلی صیغہ سے دوسرے صیغہ میں بدل جانا۔

☜ **اقسام عدل**

عدل کی دو قسمیں ہیں:

عدل تحقیقی: وہ کلمہ جس کی تبدیلی حقیقی ہو جیسے: ثُلاثُ، مَثْلَثُ، أُخَرُ اور جُمَعُ

- ثُلاثُ اور مَثْلَثُ معدول ہیں ثَلَاثَةٌ ثَلَاثَةٌ سے۔
- أُخَرُ معدول ہے الآخَرُ یا آخَرُمِنْ سے۔
- جُمَعُ معدول ہے جَمَاعِي یا جَمْعَاوَات سے۔

عدل تقدیری: وہ کلمہ ہے جس میں تبدیلی فرض کی گئی ہو۔

⊕ ImamSadiq.tv